تقریظ

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على أشرف الأنبياء والمرسلين وعلى آله وصحبه ومن اقتدىٰ بهديه ونهج بنهجه وسن بسنته إلى يوم الدين .

أما بعد!

زیرِ نظر کتاب درحقیقت ایک عظیم الشان حدیث کی کتاب ہے، یہ حدیث کی کتاب امام احمد بن محمد بن عیسیٰ البرتی (م ۲۲۸ھ) کی (مفقود) مسند سے محض مسند عبدالرحمٰن بن عوف ہے۔ جس میں کل 52 عظیم الفوائد روایات ہیں۔ ان روایات سے نشر دین اور غلبہ دین کے تعلق سے بہت سے زریں قواعد وفوائد حاصل ہوتے ہیں۔

حافظ حامد محمود حفظہ اللہ نے بڑی محنت کے ساتھ ترجمہ، تخریج اور علمی شرح سے آراستہ کیا ہے، حافظ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے خدمت حدیث کے تعلق سے بڑا نفیس ذوق عطا فرمایا ہے، کتاب پر کام کا اسلوب ان کے اخلاص اور محبت منہج سلف صالحین کا مظہر اتم ہے۔

بھائی ابوحمزہ عبدالخالق صاحب حفظہ اللہ میرے بہت زیادہ شکر وامتنان کے مستحق ہیں، جنہوں نے کتب حدیث کی خدمت کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے۔ فجزاه الله عني وعن المسلمين خير الجزاء .

اس کتاب کی طباعت میں جن جن دوستوں کا کسی بھی اعتبار سے تعاون شامل ہے، سب کے لیے اخلاص نیت اور عند اللہ قبولِ حسن کی دعا کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ اس کتابِ نافع کا نفع عام فرمادے اور ہمیں اپنے پیارے پیغمبر محمد ﷺ کی احادیث مبارکہ کے خدام کے زمرہ میں شامل فرمالے۔ روز افزوں یہ تمنا وخواہش بڑھتی جارہی ہے کہ اللہ رب العزت روزِ حشر طلبۃ الحدیث کے قدموں میں جگہ عطا فرمادے، اللهم آمين .

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين

وكتبه

عبداللہ ناصر رحمانی

سرپرست: ادارہ انصار السنۃ پبلی کیشنز

AlHidayah - الهداية